## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE NATIONAL COUNTER TERRORISM AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the National Counter Terrorism Authority 2013 (Act XIX of 2013) [The National Counter Terrorism Authority (Amendment) Bill, 2020] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 1st October, 2019.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1) | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) | Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) | Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) | Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) | Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) | Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) | Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) | Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) | Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) | Malik Sohail Khan | Member |
| 13) | Mr. Mohammad Pervaiz Malik | Member |
| 14) | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 15) | Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 16) | Syed Agha Rafiullah | Member |
| 17) | Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 18) | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 19) | Mr. Asmatullah | Member |
| 20) | Mr. Ijaz Ahmad Shah<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meetings held on 13-11-19, 14-11-19, 11-12-19, 24-12-19, 27-01-2020 and 3-02-2020. The Committee recommends that the Bill as introduced may not be passed by the National Assembly.

- Sd-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 8th July, 2020*

- Sd -
**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

# A

# BILL

*further to amend the National Counter Terrorism Authority Act, 2013*

**WHEREAS** it is expedient to amend the National Counter Terrorism Authority Act, 2013 (XIX of 2013);

It is hereby enacted as follows:—

**1. Short title and commencement.**—(1) This Act may be called National Counter Terrorism Authority (Amendment) Bill, 2020

(2). It shall come into force at once.

**2. Amendment of Sections 3, Act XIX of 2013.-** In the National Counter Terrorism Authority Act, 2013 (XIX of 2013), in Section 3, sub-section (2) shall be omitted.

3. **Substitution of section 5, Act XIX of 2013.-**In the said Act, for section 5, the following shall be substituted, namely:-

"Board of Governors.- (1) The Authority shall have a Board of Governors comprising-

| | |
|---|---|
| a) Minister In-charge of Interior Division | Chairman |
| b) Secretary, Interior | Member |
| c) Secretary, Defence Division | Member |
| d) Secretary, Law & Justice Division | Member |
| e) Secretary, Finance Division | Member |
| f) One senator to be recommended by Chairman Senate | Member |
| g) One member National Assembly to be recommended by Speaker National Assembly | Member |
| h) Director General, Intelligence Bureau | Member |
| i) Director General, Federal Investigation Agency | Member |
| j) Director General (CT), Inter-Services-Intelligence | Member |
| k) Rep of Directorate General, Military Intelligence (Not less than DG) | Member |
| l) National Coordinator of the Authority | Member |
| m) Home Secretaries of the Provinces of Sindh, Punjab, | Member |

Khyber Pakhtukhwa, Balochistan, Gilgit-Baltistan and State of Azad Jammu and Kashmir and Chief Commissioner, Islamabad Capital Territory (ICT)

n) Inspector General of Provinces of Sindh, Punjab, Khyber Pakhtukhwa, Balochistan, ICT, Gilgit-Baltistan and State of Azad Jammu and Kashmir — Member

(2) The National Coordinator of the Authority shall act as the Secretary to the Board.

(3) The Board may invite any person to the meeting on special invitation."

4. **Amendment of Sections 6, Act XIX of 2013.-** In the said Act, in section 6,-

(i) sub-section (1) and sub-section (2) shall be omitted; and

(ii) in sub-section (3), in the proviso, the expression "notwithstanding anything contained in sub-clause (6)," shall be omitted.

5. **Amendment of Sections 8, Act XIX of 2013.-** In the said Act, in section 8, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:

"8. Executive Committee.- (1) The Board shall be assisted by the following, namely:-

| | | |
|---|---|---|
| (a) | National Coordinator, NACTA | Convener |
| (b) | Additional Secretary, Finance Division | Member |
| (c) | Additional Secretary, Interior Division | Member |
| (d) | Additional Secretary, Ministry of Foreign Affairs | Member |
| (e) | Additional Secretary, Ministry of Law & Justice | Member |
| (o) | Additional Secretaries Home of the Provinces of Sindh, Punjab,Khyber Pakhtukhwa, Balochistan, Gilgit-Baltistan and State of Azad Jammu and Kashmir and Chief Commissioner, Islamabad Capital Territory (ICT) | Member |

6. **Amendment of Sections 9, Act XIX of 2013.-** In the said Act, in section 9, in sub-section (1), the phrased "Federal Government" may be substituted with the words "Prime Minister".

5. **Amendment of Sections 8, Act XIX of 2013.-** In the said Act, in section 10, in sub-section (1), the phrase "Federal Government" may be substituted with the words "Prime Minister".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The terrorist activities have destroyed the basic fabric of the society and caused huge financial and human loss. This necessitates an effective coordination and contribution by all the major stakeholders including M/o Interior and NACTA. In view of the exigencies of national security, some amendments are necessary to be incorporated in NACTA Act 2013 to make it more efficient and effective organization. This Bill is designed to achieve the same goal.

Sd/-

**MR. MEHBOOB SHAH**
Member, National Assembly

منسلکہ۔ الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی، ۲۰۱۳ء (نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۳ کی ترمیم۔** قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی، ۲۰۱۳ء (نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء) میں، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۲) حذف کر دی جائے گی۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۵ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**بورڈ آف گورنرز۔** (۱) اتھارٹی کا حسب ذیل پر مشتمل ایک بورڈ آف گورنرز ہوگا۔

| | |
|---|---|
| (الف) وزیر انچارج برائے داخلہ ڈویژن | چیئرمین |
| (ب) سیکرٹری، داخلہ | رکن |
| (ج) سیکرٹری، دفاع ڈویژن | رکن |
| (د) سیکرٹری، قانون و انصاف ڈویژن | رکن |
| (ہ) سیکرٹری، خزانہ ڈویژن | رکن |
| (و) چیئرمین سینیٹ کا سفارش کردہ ایک سینیٹر | رکن |
| (ز) اسپیکر قومی اسمبلی کا سفارش کردہ ایک رکن قومی اسمبلی | رکن |
| (ح) ڈائریکٹر جنرل، انٹیلی جنس بیورو | رکن |
| (ط) ڈائریکٹر جنرل، فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی | رکن |
| (ی) ڈائریکٹر جنرل (سی ٹی)، انٹر سروسز انٹیلی جنس | رکن |
| (ک) نمائندہ ڈائریکٹریٹ جنرل، ملٹری انٹیلی جنس (ڈی جی سے کم عہدہ کا نہ ہو) | رکن |
| (ل) نیشنل کوآرڈینیٹر آف اتھارٹی | رکن |
| (م) سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے صوبوں، گلگت بلتستان اور ریاست آزاد جموں و کشمیر کے ہوم سیکرٹری صاحبان اور چیف کمشنر، اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری | |

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ یکم اکتوبر، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی ادارہ برائے انسداد دہشت گردی ایکٹ، ۲۰۱۳ء (ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی ادارہ برائے دہشت گردی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شاہ زین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد پرویز ملک | رکن |
| ۱۴۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۶۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۷۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۸۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | جناب اعجاز احمد شاہ<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۳ نومبر، ۲۰۱۹ء، ۱۴ نومبر، ۲۰۱۹ء، ۱۱ دسمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۴ دسمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۷ جنوری، ۲۰۲۰ء اور ۳ فروری، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔

**(راجہ خرم شہزاد نواز)**

**چیئرمین**

قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/۔

**(طاہر حسین)**

**سیکرٹری**

اسلام آباد، ۸ جولائی، ۲۰۲۰ء

(آئی سی ٹی) رکن

(ن) سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، کے صوبوں، آئی سی ٹی، گلگت بلتستان اور ریاست آزاد جموں و کشمیر کے انسپکٹر جنرل رکن

(۲) اتھارٹی کا نیشنل کوآرڈینیٹر بورڈ کے سیکرٹری کے طور پر کام کرے گا۔

(۳) بورڈ کسی بھی شخص کو خصوصی دعوت نامے پر اجلاس میں مدعو کر سکتا ہے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۶ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ میں،

(اول) ذیلی دفعہ (۱) اور ذیلی دفعہ (۲) حذف کر دی جائیں گی؛ اور

(دوم) ذیلی دفعہ (۳) میں، جملہ شرطیہ میں، عبارت "ذیلی دفعہ (۶) میں شامل کسی امر کے باوجود،" حذف کر دی جائے گی۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۸ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۱) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۸۔ **مجلس عاملہ۔** (۱) درج ذیل بورڈ کی معاونت کریں گے، یعنی:۔

(الف) نیشنل کوآرڈینیٹر، این اے سی ٹی اے کنوینر

(ب) ایڈیشنل سیکرٹری، خزانہ ڈویژن رکن

(ج) ایڈیشنل سیکرٹری، داخلہ ڈویژن رکن

(د) ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت خارجہ امور رکن

(ہ) ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت قانون و انصاف رکن

(و) سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے صوبوں، گلگت بلتستان اور ریاست آزاد جموں و کشمیر کے ایڈیشنل سیکرٹریز ہوم اور چیف کمشنر، اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) رکن

۶۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۹ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "وزیر اعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۱۹ بابت ۲۰۱۳ء، دفعہ ۱۰ کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" کو الفاظ "وزیر اعظم" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

دہشت گردوں کی کارروائیوں نے معاشرے کے بنیادی تانے بانے کو تباہ کر دیا ہے اور شدید مالی اور جانی نقصان پہنچایا ہے۔ ضروری ہوگیا ہے کہ تمام اہم اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارت داخلہ اور نیکٹا(این اے سی ٹی اے) کی جانب سے ایک مؤثر، مربوط اور مشترک اقدام کیا جائے۔ قومی سلامتی کو درپیش فوری مسائل کے پیش نظر نیکٹا ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں کچھ ترامیم کیا جانا درکار ہے تاکہ اسے مزید مؤثر اور باعمل ادارہ بنایا جائے۔ بل ہذا مذکورہ مقصد کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/-

جناب محبوب شاہ

رکن، قومی اسمبلی